معلوم ہو کہ لفظ ولی کے معنی بادشاہ۔ متصرف، غالب ہادی نگہبان وارث دوست کے ہیں۔ اور قرآن پاک سے بھی یہی معنی مراد ہیں فاللہُ ہو الولی (شوریٰ) پس خدا ہی بالذات اور حقیقی بادشاہ ہے۔ مالھم من دونہٖ من ولی ولا یشرک فی حکمہٖ احدا (الکہف) نہیں ہے ان کے لئے سوائے اس خدا کے کوئی بادشاہ۔ پس چاہئے کسی کو اس کے حکم میں شریک نہ کیا جائے قل اغیر اللہ اتخذ ولیا فاطر السمٰوات والارض وھو یطعم ولا یطعم (انعام) اے رسول فرما دے سوائے خدا کے میں کسی کو کیوں اپنا بادشاہ بناؤں وہ ہی آسمانوں زمینوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ مالک من اللہ من ولی ولا واق (رعد) نہیں تیرے لئے کوئی بھی خدا کے سوا بادشاہ اور نگہبان۔ وھو المولی الحمید (شوریٰ) اور وہی متصرف۔ غالب تعریف کیا ہوا ہے ومن یضلل اللہ فما لہٗ من ولی من بعدہ (شوریٰ) اور جس کو

خداہی گمراہی میں بہنے دے۔ پھر اس کا کوئی ہادی نہیں و من یضلل فلن تجد لہ ولیا
مرشدا (کہف) جو شخص گمراہ ہو جائے تو پھر اس کے لئے کوئی ہادی و مرشد نہ پائے گا۔ ما لکم
من دون اللہ من ولی ولا نصیر (بقرہ) نہیں ہے سوائے خدا کے کوئی بھی تمہارا نگہبان
اور مددگار۔ واجعل لنا من لدنک ولیا واجعل لنا من لدنک نصیرا (نساء) بارِ
الٰہا تو ہمارے لئے اپنی طرف نگہبان اور مددگار مقرر فرما۔ فہب لی من لدنک ولیاً
یرثنی ویرث من آل یعقوب واجعلہ رب رضیا (مریم) بارِ الٰہا۔ تو اپنی طرف سے
مجھے وارث بخش دے کہ میرا اور آل یعقوب کا وارث ہو۔ و من قتل مظلوماً فقد جعلنا
لولیہ سلطانا۔ اور جو شخص مظلوم ہو کے شہید ہوا بیشک اس کے وارث کے لئے ہم نے
ایک سلطنت مقرر کر دی۔ اللہ ولی الذین امنوا یخرجھم من الظلمت الی النور
(بقرہ) اللہ ایمان والوں کا دوست ہے کہ ان کو اندھیرے سے نکال کر نور کی طرف لاتا ہے
واللہ ولی المؤمنین (عمران) واللہ ولی المتقین (جاثیہ) خدا ہی مومنین اور متقین کا
دوست ہے ان آیات سے ظاہر ہو گیا۔ کہ لفظ ولی متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
اور ہاں یہ بات بھی قابل تدبر ہے۔ کہ ولایت الٰہیہ جس کے معنی دوستی کے ہیں اس کا حصر
خاص ایمانداروں پر ہے جیسا کہ آیت کے معنی سے ظاہر ہو چکا ہے۔ اب چونکہ آیت انما ولیکم
اللہ و رسولہٗ والذین امنوا الذین الخ۔ یا ایھا الذین امنوا سے نہیں جس کے معنی دوستی
کئے جائیں۔ اور نہ ابتدائے آیت میں یا ایھا الناس ہے۔ بایں صورت گو لفظ ولی بمعنی دوست
نہ ہوتا۔ کیونکہ جنس ناس میں جملہ مومن، کافر منافق، مشرک شامل ہیں۔ اور خدا مومنوں کے
علاوہ کسی کو دوست نہیں رکھتا۔ مگر پھر بھی ولایت کے معنی محدود تو ہو جاتے ہیں اس کا حصر
فقط لوگوں پر ہی ہوتا ہے۔ بلکہ مطلق طور پر انما ولیکم اللہ فرمایا ہے اور جبکہ ولی بمعنی
بادشاہ مراد ہیں۔ اور یہی درست و بجا کہ خداوند عالم کی بادشاہی ما سوا اللہ سب پر ہے اور
تصرف و غلبہ بھی حاصل ہے۔ حقیقتاً و اصالتاً بالذات ولی مطلق خداوند تعالیٰ پھر اس کی طرف
سے اس کا رسول مقبول بھی ولی پھر خدا اور رسول کے بعد وہ نفوس مقدسہ جن کی خاص صفت
حالت رکوع میں زکوٰۃ دینا یعنی حضرت علی اور دیگر گیارہ اولاد علی علیہم السلام ہیں۔ الحاصل
فوق درجہ ولایت سے اور کوئی درجہ نہیں اور ولایت بمعنی تصرف غلبہ، و بادشاہی حکومت
و حفاظت و ہدایت ہے۔ پس ولایت مطلقہ الٰہیہ سے مراد یہ ہے کہ جملہ ما سویٰ اللہ پر خداوند

عالم ہی بادشاہ متصرف، غالب ہر ایک کا ہادی۔ محافظ، مرشد و مربی ہے۔ اور اس پر کسی کو تصرف فوق غلبہ حاصل نہیں۔ اس کے بعد اس کا رسول جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے بعد ان کے اہل بیت علیہم السلام اولیاء برحق ہیں۔ کہ اس کی ولایت الٰہیہ کا ظہور ان ہی کے وجود نورانی سے ہے۔ اور یہی مطلب ہے ان کو اپنے بعد ولی مقرر کرنے کا وہ ہر حال میں ولایت الٰہیہ کے ماتحت و مطیع و محکوم اور تابع فرمان کبریائی ہیں۔ ان پر وہ غالب و متصرف ہے۔ کیونکہ وہ خالق اور یہ اس کی مخلوق ہیں۔ وہ معبود مطلق اور یہ اس کے عبادت گذار بندے ہیں۔ مگر سوائے اس کو ولی مطلق حضرت سبحانہٗ و تعالیٰ کے اور کسی کو ان پر غلبہ و تصرف حاصل نہیں۔ اگر کوئی ان کی جگہ آئے یا ان پر غلبہ و تصرف کرنے کی کوشش کرے وہ زندیق کافر و مشرک ہے جیسا کہ خدا اور رسول پر غلبہ حاصل کرنے والا کافر و زندیق مشرک ہے کیونکہ بعد خدا اور رسول یہ اولیاء مطلق ہیں اور جملہ عوالم ما بعد ی وما قبلی پر ہادی و نذیر اور متصرف و غالب ہیں۔

تبارك الذي نزل الفرقان على عبده ليكون للعالمين نذيرا (فرقان) صاحب برکت ہے وہ ذات جس نے اپنے عبد پر فرقان نازل فرمایا۔ تاکہ وہ تمام عوالم کے لئے نذیر ہو۔ اور یہ مسلمہ امر ہے۔ جتنا اختیار وسیع پیغمبر کو دیا گیا اتنا ہی اہل بیت کو۔ کیونکہ فرمان رسول ہے انا مدينة العلم وعلیٌ بابها (ترمذی) پس جس طرح جملہ عوالم تحت نذارت آنحضرت ہیں جس میں ملائکہ انبیاء مرسلین۔ غوث۔ قطب۔ ابدال، سب شامل ہیں، کیونکہ وہ عالمین سے خارج نہیں ہیں اس طرح تمام عوالم تبصرف تحت اہل بیت ہیں، کیونکہ معیار ولایت مطلقہ ان کے سوا کسی اور کو نصیب نہیں ہوا۔

ولایت اور مسئلہ حاضر و ناظر

معیار ولایت مطلقہ سے مراد ہے کہ وقت خلقت آسمان و زمین، عرش و کرسی۔ لوح و قلم، شمس و قمر، جن و انس غرضیکہ تمام مخلوق سے پہلے یہ موجود تھا۔ اور خلقت کائنات پر گواہ بنے کیونکہ ان کا نور اس وقت موجود تھا۔ جبکہ خداوند عالم کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ ارشاد باری ہے۔

افتتخذونه وذريته اولياء من دوني وهم لكم عدو بئس للظالمين بدلا ما اشهدتهم خلق السموات والارض ولا خلق انفسهم وما كنت متخذ المضلين عضدا (کہف) کیوں میرے حکم کے سوا تم شیطان اور اس کی اولاد کو اپنا ولی مقرر کرتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہی ہیں۔ برا بدلہ ہے ظالموں کے لئے میں نے وقت پیدائش آسمان

اولیاء برحق ۔

وزمین اور وقت پیدائش لوگوں کے اُن کو (حاضر و موجود) شاہد نہیں کیا گمراہ کرنے والوں کو میں ہرگز اپنا بازو پکڑنے والا نہیں۔ اس آیہ مجیدہ میں پروردگار عالم نے معیار ولایت کو بیان فرمایا ہے۔ شیاطین جنی ہوں یا انسی اسلئے ولی ہونے کا حق نہیں رکھتے کہ انہیں وقت پیدائش آسمان و زمین و مخلوق شہید قرار نہیں دیا تھا۔ پس ثابت ہے کہ جو اولیاء برحق ہیں۔ انہیں ضرور بالضرور خداوند کریم نے وقت پیدائش آسمان و زمین مخلوق شہید (حاضر و ناظر) قرار دیا ہے۔ خداوند کریم نے سب سے پہلے اُن کا نور ہی خلق فرمایا۔ لہذا بعد خدا و رسول اور اس کی اہل بیت مخلوقات کی پیدائش کے گواہ اور اولیاء برحق ہیں

*

وجود رسول و آل رسول قبل مخلوق تھا

حضرت امام باقر علیہ السلام جناب محمد بن علی علیہما السلام نے ابو بصیر سے ارشاد فرمایا جس کو یہاں پر کتاب میانت البدایہ مصنفہ علامہ نور اللہ عماد الدین ابو الفاضل الشریف الکرمانی الحنفی الطائفہ جلد اوّل ص۱۹۵ سے تحریر کرتے ہیں جس سے ولایت اہل بیت یعنی خلقت مخلوقات پر شہیدیت روز روشن کی طرح ظاہر ہو جائے گی امام فرماتے ہیں۔ یا ابو بصیر نحن ارباب العرش والکرسی و نحن ارباب السموٰت والارض و نحن ارباب الشمس والقمر والکواکب والحجب والسرادق و نحن ارباب ذالک الاسباب وان اللہ ھو ربُّ الارباب، یعنی ہم ہیں رب عرش وکرسی کے اور ہم ہیں رب آسمان و زمین کے اور ہم ہیں انبیاء اور ملائکہ کے اور ہم ہیں رب لوح قلم کے۔ اور ہم ہیں رب جنان اور حور العین کے اور ہم ہی ہیں رب شمس و قمر کواکب اور حجب ہائے قدس و جلال و سرادق عظمت و کمال کے اور ہم ہی ہیں سب چیزوں کے رب اور خداوند کریم رب الارب ہے ابو بصیر نے عرض کی یا ابن رسول اللہ میں قربان جاؤں آپ کے اوپر کیا آپ رب ہیں۔ اسے کھول کر فرمائیے فرمایا ابو بصیر رب کے معنی مالک اور مربی کے ہیں خدا تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کی زبانی عزیز مصر کو رب کہا ہے وقال اللذی ظن انّہٗ ناج منھما اذکرنی عند ربک (یوسف) ان دونوں (قیدیوں) میں سے جس کی نسبت یقین تھا کہ نجات پائے گا حضرت یوسفؑ نے کہا۔ کہ اپنے مالک سے میرا ذکر کر دینا۔ فلما جاءہ الرسول قال ارجع الیٰ ربک (یوسف) جب شاہی قاصد حضرت یوسف کے پاس آیا) کہا اپنے رب (مالک) کی طرف پلٹ جاؤ۔ نیز اسے

جلاء العیون

جلد دوم

سوانح چہاردہ معصومین علیہم السلام

تالیف

ملا محمد باقر مجلسیؒ بن علامہ محمد تقی مجلسیؒ

ترجمہ

علامہ سید عبدالحسین مرحوم اعلی اللہ مقامہ

ناشر

عباس بک ایجنسی

رستم نگر، درگاہ حضرت عباسؑ، لکھنؤ، انڈیا

فون نمبر ۔ 260756, 269598

ماہ میں اسیر کیا ہمارے خیام کو نذر آتش کیا۔ ہمارے اموال کو تاخت و تاراج کیا اور ہمارے حق میں ہمارے جد پاک سرکار رسالت کی حرمت کا بھی پاس نہ کیا تحقیق روز شہادت امام حسینؑ نے ہمارے دلوں کو مجروح کر دیا۔ آنسو ہماری آنکھوں سے رواں ہوئے ہمارے عزیز ذلیل ہو کر رہ گئے آہ! زمین کربلا ہمارے لئے قیامت تک کرب و بلا کی وارث بن گئی ہے حسینؑ ایسے مظلوم شہید راہ خدا میں رونے والوں کی آنکھیں اشکبد ہونا ہی چاہئیں اس میں شک نہیں کہ مظلوم حسینؑ پر گریہ و زاری کرنا گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ اس کے بعد امام نے فرمایا جب محرم کا چاند نظر آتا تھا۔ میرے والد کا یہ حال ہو جاتا تھا۔ کہ تبسم مسکراہٹ سے ان کا چہرہ نا آشنا ہو جاتا تھا۔ حزن و اندوہ یاس و غم آپ پر طاری ہو جاتا تھا محرم کی دسویں تاریخ جب یہ قیامت خیز صبح نمودار ہوتی۔ تو یہ روز مصیبت آپ کے رونے اور گریہ و زاری کا دن ہوتا تھا۔ جذبات رنج و ملال شدت اختیار کرتے۔ اور دن بھر آنکھوں سے سیل اشک رواں فرمایا کرتے آہ آج وہ دن ہے جس دن مظلوم کربلا سید الشہداء امام حسینؑ شہید ہوئے

ثواب بکائے حسینؑ: علامہ مجلسیؒ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ وہ فرماتے ہیں۔ میرے جد حضرت رسول پاک نے فرمایا۔

کل عین باکیۃ یوم القیمۃ الا عین بکت علی الحسین ؑ فانہا ضاحکۃ مستبشرۃ۔ بنعیم الجنۃ

(بحار الانوار)

قیامت کے روز تمام آنکھیں ہول قیامت سے روتی ہوں گی۔ سوائے اس آنکھ کے جو مصیبت امام حسین علیہ السلام پر روتی ہوگی کہ اس کا مالک با دیدہ خنداں داخل جنت ہوگا۔ اور اس کو جنت کی نعمتوں کی بشارت دی جائے گی۔

صادق آل محمدؐ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں۔ قیامت کے روز فرشتہ ہائے عذاب ایک شخص کو پکڑتے ہوئے دوزخ کی طرف لے جا رہے ہوں گے۔ اور دنیا میں اس سے کوئی بھی نیک عمل نہ ہوا ہوگا۔ پس یہ آواز فوراً آئے گی۔

یُنَادِیْ مُنَادٍ فِیْقُوْلُ یَا مَلَائِکَتِیْ بِاَنَّ لَہٗ اَمَانَۃً عِنْدِیْ یُعْطِیْ لَہٗ دَرَّۃً یُبْقَاءُ یَجِیْئُ مِنْ نُوْرِھَا

ایک منادی ندا کرے گا پروردگار عالم کی طرف سے اے میرے ملائکہ ٹھہر جاؤ۔ اس مرد گنہگار کی ایک امانت ہمارے پاس ہے۔ ملائکہ ٹھہر جائیں گے۔ پس اس شخص کو ایک قوی تابندہ و درخشاں

المُخشنو۔ عنایت ہوگا جس کے نور سے تمام عرصہ
محشر نورانی روشن ہو جائے گا۔ (محرق القلوب)

وہ شخص اس موتی کو دیکھ کر حیرت و تعجب سے بارگاہ احدیت میں عرض کرے گا۔ بار الہا مجھے تو اس امانت کا کوئی علم نہیں۔ ارشاد ہوگا۔ اے شخص یہ دُرِ بے بہا حقیقت میں ایک اشک ہے جو ایک مرتبہ مصیبت امام حسین مظلوم میں تری آنکھ سے نکلا۔ اور تیرے رخسارہ پر جاری ہوا۔ اب تو اس موتی کو سب انبیاء اور اوصیا کے پاس لے جا۔ اور ہر ایک سے اس کی قیمت دریافت کر۔ پس وہ شخص تمام انبیاء اور اوصیاء حتی کہ جناب خاتم النبیینؐ اور جناب خاتم الاوصیا حضرت علیؑ کی خدمت میں بھی حاضر ہوگا۔ اور اس کی قیمت دریافت کرے گا۔ مگر کوئی اس کی قیمت نہ بتا سکے گا۔ یہاں تک کہ وہ مردِ مومن وہ موتی لئے ہوئے خدمت با سعادت امام حسینؑ میں حاضر ہوگا۔ جناب سید الشہداء اسے دیکھتے ہی کھڑے ہو جائیں گے۔ اور اس شخص کو گلے سے لگالیں گے۔ اور قائمہ عرش الٰہی تھام کر خدمت باری میں عرض کریں گے۔ بار الہا یہ موتی ایک دانہ اشک ہے جو اس مومن کی آنکھ سے مجھ مظلوم کی مصیبت میں جاری ہوا تھا۔ اور اس کی یہ قیمت ہے کہ اس شخص کو جنت عطا کر اور اپنے فضل و کرم سے میرے ساتھ بہشت میں جگہ دے۔ ارشاد ہوگا۔ اے حسینؑ ہم نے اس کے تمام گناہ معاف کئے بلکہ اس کے ماں باپ کو بخش دیا۔ اور تمہارے ساتھ تمہارے ہی درجے میں جگہ دی۔ ثبوت عزاداری آئمہ اہلبیت سے اور منزلت آہ و بکا کے متعلق ایک اور روایت کا یہاں پر امالی شیخ صدوقؒ پیش کرتے ہیں۔ مسمع بن عبدالملک نے جناب صادق علیہ السلام سے روایت کی۔ ایک دن حضرت امام صادق نے مجھ سے پوچھا۔ اے مسمع تو اہل عراق سے ہے۔ حضرت امام حسینؑ کے مزار اقدس کی زیارت کو جاتا ہے۔ میں نے عرض کی۔ لا انا رجل من اهل البصرة۔ نہیں جناب میں تو بصرہ کا رہنے والا ہوں۔ اور میرے پاس جو لوگ رہتے ہیں۔ وہ حکومت وقت کے خیر خواہ اور خلیفہ وقت کے طرفدار ہیں۔ ان کے خوف سے میں شرف زیارت سے محروم رہتا ہوں امام نے فرمایا۔ افتذکر ما صنع به قلت بلی۔ آیا تو ان جگر سوز مصائب و آلام کو بھی یاد کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا۔ جی ہاں۔ قال فتجزع پوچھا کیا روتا بھی ہے۔ میں نے عرض کیا۔ ای واللہ۔ قسم خدا کی روتا ہوں۔ و استعبر لذلک حتی یری اهلی اثر ذالک علی۔ اس قدر مصائب

بحار الأنوار
الجزء: ٥٣

العلامة المجلسي

الكتاب: بحار الأنوار
المؤلف: العلامة المجلسي
الجزء: ٥٣
الوفاة: ١١١١
المجموعة: مصادر الحديث الشيعية ـ القسم العام
تحقيق: محمد الباقر البهبودي
الطبعة: الثالثة المصححة
سنة الطبع: ١٤٠٣ - ١٩٨٣ م
المطبعة:
الناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت - لبنان
ردمك:
ملاحظات:

وليحذر قارعة قبل حلولها.
إن أمرنا صعب مستصعب لا يحتمله إلا ملك مقرب أو نبي مرسل أو عبد امتحن الله قلبه للايمان لا يعي حديثنا إلا حصون حصينة، أو صدور أمينة أو أحلام رزينة يا عجبا كل العجب بين جمادي ورجب.
فقال رجل من شرطة الخميس: ما هذا العجب يا أمير المؤمنين؟ قال: ومالي لا أعجب وسبق القضاء فيكم وما تفقهون الحديث، ألا صوتات بينهن موتات، حصد نبات ونشر أموات، واعجبا كل العجب بين جمادي ورجب.
قال أيضا رجل يا أمير المؤمنين: ما هذا العجب الذي لا تزال تعجب منه قال ثكلت الآخر أمه وأي عجب يكون أعجب منه أموات يضربون هام (١) الأحياء قال: أنى يكون ذلك يا أمير المؤمنين؟.
قال: والذي فلق الحبة وبرأ النسمة، كأني أنظر قد تخللوا سكك الكوفة وقد شهروا سيوفهم على مناكبهم، يضربون كل عدو لله ولرسوله وللمؤمنين وذلك قول الله تعالى: " يا أيها الذين آمنوا لا تتولوا قوما غضب الله عليهم قد يئسوا من الآخرة كما يئس الكفار من أصحاب القبور " (٢).
ألا يا أيها الناس! سلوني قبل أن تفقدوني إني بطرق السماء أعلم من العالم بطرق الأرض، أنا يعسوب الدين وغاية السابقين ولسان المتقين، وخاتم الوصيين ووارث النبيين، وخليفة رب العالمين، أنا قسيم النار، وخازن الجنان، وصاحب الحوض، وصاحب الأعراف، وليس منا أهل البيت إمام إلا عارف بجميع أهل ولايته، وذلك قول الله تبارك وتعالى " إنما أنت منذر ولكل قوم هاد " (٣).

*

---

(١) هام بتخفيف الميم على وزن سام - وهكذا هامات، جمع هامة: رأس كل شئ، فما في الأصل المطبوع " يضربون هوام الاحياء " تصحيف، فان " هوام " الذي هو جمع " هامة " إنما هو بتضعيف الميم من " همم " ولا يقع إلا على المخوف من الأحناش مما له سم كالحية، فجمعه الهوام، وزان عامة وعوام، وخاصة وخواص. فلا تغفل.
(٢) الممتحنة: ١٣.
(٣) الرعد: ٨.

ابن علي، عن أبيه، عن أبي عبد الله الصادق، عن آبائه، عن أمير المؤمنين عليهم السلام
قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله في الليلة التي كانت فيها وفاته لعلي عليه السلام يا أبا الحسن
أحضر صحيفة ودواة فأملى رسول الله صلى الله عليه وآله وصيته حتى انتهى [إلى] هذا الموضع
فقال: يا علي إنه سيكون بعدي اثنا عشر إماما ومن بعدهم اثنى عشر مهديا فأنت
يا علي أول الاثني عشر الامام.
وساق الحديث إلى أن قال: وليسلمها الحسن عليه السلام إلى ابنه م ح م د المستحفظ
من آل محمد صلى الله عليه وعليهم، فذلك اثنى عشر إماما ثم يكون من بعده اثنا عشر
مهديا فإذا حضرته الوفاة فليسلمها إلى ابنه أول المهديين (١) له ثلاثة أسامي اسم
كاسمي واسم أبي وهو عبد الله وأحمد والاسم الثالث المهدي وهو أول المؤمنين.
٧ - منتخب البصائر: مما رواه السيد علي بن عبد الحميد بإسناده عن الصادق عليه السلام
أن منا بعد القائم عليه السلام اثنا عشر مهديا من ولد الحسين عليه السلام.
٨ - كامل الزيارة: أبي، عن سعد، عن الجاموراني، عن الحسين بن سيف، عن أبيه
عن الحضرمي، عن أبي جعفر وأبي عبد الله عليهما السلام قالا في ذكر الكوفة: فيها مسجد
سهيل الذي لم يبعث الله نبيا إلا وقد صلى فيه، ومنها يظهر عدل الله، وفيها يكون
قائمه والقوام من بعده، وهي منازل النبيين والأوصياء والصالحين.
بيان: هذه الأخبار مخالفة للمشهور، وطريق التأويل أحد وجهين:
الأول أن يكون المراد بالاثني عشر مهديا النبي صلى الله عليه وآله وسائر الأئمة سوى
القائم عليه السلام بأن يكون ملكهم بعد القائم عليه السلام وقد سبق أن الحسن بن سليمان أولها
بجميع الأئمة وقال برجعة القائم عليه السلام بعد موته وبه أيضا يمكن الجمع بين بعض

---

(١) في المصدر ص ١٠٥: أول المقربين، والظاهر أنه تصحيف، فان المهدي المنتظر هو الإمام الثاني عشر، وبعده يكون أول المهديين من اثنى عشر مهديا، ان صح الحديث. وأخرج الحديث بتمامه في الباب ٤١ من تاريخ مولانا أمير المؤمنين تحت الرقم ٨١، راجع ج ٣٦ ص ٢٦٠ و ٢٦١ من الطبعة الحديثة، وفيه أيضا: " أول المقربين ".

بحار الانوار 53 الباب الثلاثون

الأخبار المختلفة التي وردت في مدة ملكه عليه السلام.
والثاني أن يكون هؤلاء المهديون من أوصياء القائم هادين للخلق في زمن سائر الأئمة الذين رجعوا لئلا يخلو الزمان من حجة، وإن كان أوصياء الأنبياء والأئمة أيضا حججا والله تعالى يعلم (١).

(١) قال السيد المرتضى - رضوان الله عليه - في امكان ذلك: انا لا نقطع بزوال التكليف عند موت المهدي عليه السلام، بل يجوز أن يبقى بعده أئمة يقومون بحفظ الدين ومصالح أهله، ولا يخرجنا ذلك عن التسمية بالاثني عشرية، لأنا كلفنا أن نعلم إمامتهم، وقد بينا ذلك بيانا شافيا، فانفردنا بذلك عن غيرنا. انتهى.
أقول: وقد عقد الشيخ الحر العاملي - قدس الله روحه - في كتابه " الايقاظ من الهجعة بالبرهان على الرجعة " بابا في أنه هل بعد دولة المهدي عليه السلام دولة أم لا؟
ثم إنه بعد ما نقل الروايات الواردة في ذلك نفيا واثباتا، وجهها بستة وجوه، من أرادها فليراجع ص ٣٩٢ - ٤٠٥.

بحار الانوار 53 الباب الثلاثون

يا هذا يرحمك الله إن الله تعالى لم يخلق الخلق عبثا ولا أهملهم سدى، بل خلقهم بقدرته، وجعل لهم أسماعا وأبصارا وقلوبا وألبابا، ثم بعث إليهم النبيين عليهم السلام

مبشرين ومنذرين: يأمرونهم بطاعته، وينهونهم عن معصيته، ويعرفونهم ما جهلوه من أمر خالقهم ودينهم، وأنزل عليهم كتابا، وبعث إليهم ملائكة يأتين بينهم وبين من بعثهم إليهم بالفضل الذي جعله لهم عليهم، وما آتاهم من الدلائل الظاهرة و البراهين الباهرة، والآيات الغالبة.

فمنهم من جعل النار عليه بردا وسلاما واتخذه خليلا، ومنهم من كلمه تكليما وجعل عصاه ثعبانا مبينا، ومنهم من أحيى الموتى بإذن الله وأبرء الأكمه والأبرص بإذن الله، ومنهم من علمه منطق الطير وأوتي من كل شئ، ثم بعث محمدا صلى الله عليه وآله رحمة للعالمين، وتمم به نعمته، وختم به أنبياءه، وأرسله إلى الناس كافة، وأظهر من صدقه ما أظهر [وبين] من آياته وعلاماته ما بين.

ثم قبضه صلى الله عليه وآله حميدا فقيدا سعيدا، وجعل الأمر بعده إلى أخيه وابن عمه ووصيه ووارثه علي بن أبي طالب عليه السلام ثم إلى الأوصياء من ولده واحدا واحدا: *
أحيى بهم دينه، وأتم بهم نوره، وجعل بينهم وبين إخوانهم وبني عمهم والأدنين فالأدنين من ذوي أرحامهم فرقانا بينا يعرف به الحجة من المحجوج، والامام من

فينا المسلم واليهودي والنصراني، فقال: يزن اليهودي جزيته والنصراني جزيته. ويناظر المسلم عن مذهبه.
فوزن والدي عن خمس نفر نصارى: عنه وعني وعن ثلاثة نفر كانوا معنا ثم وزن تسعة نفر كانوا يهودا وقال للباقين: هاتوا مذاهبكم، فشرعوا معه في مذاهبهم.
فقال: لستم مسلمين وإنما أنتم خوارج وأموالكم محل للمسلم المؤمن، وليس بمسلم من لم يؤمن بالله ورسوله واليوم الآخر وبالوصي والأوصياء من ذريته حتى مولانا صاحب الزمان صلوات الله عليهم.
فضاقت بهم الأرض ولم يبق إلا أخذ أموالهم.
ثم قال لنا: يا أهل الكتاب لا معارضة لكم فيما معكم، حيث اخذت الجزية منكم، فلما عرف أولئك أن أموالهم معرضة للنهب، سألوه أن يحتملهم إلى سلطانهم فأجاب سؤالهم، وتلا: " ليهلك من هلك عن بينة ويحيى من حي عن بينة ".
فقلنا للناخداه والربان (١) وهو الدليل: هؤلاء قوم قد عاشرناهم وصاروا رفقة، وما يحسن لنا أن نتخلف عنهم أينما يكونوا نكون معهم، حتى نعلم ما يستقر حالهم عليه؟ فقال الربان: والله ما أعلم هذا البحر أين المسير فيه، فاستأجرنا ربانا ورجالا، وقلعنا القلع (٢) وسرنا ثلاثة عشر يوما بلياليها حتى كان قبل طلوع الفجر، فكبر الربان فقال: هذه والله أعلام الزاهرة ومنائرها وجدرها إنها قد بانت، فسرنا حتى تضاحى النهار.
فقدمنا إلى مدينة لم تر العيون أحسن منها ولا أحق (٣) على القلب، ولا أرق من نسيمها ولا أطيب من هوائها، ولا أعذب من مائها، وهي راكبة البحر، على جبل من صخر أبيض، كأنه لون الفضة وعليها سور إلى ما يلي البحر، والبحر يحوط الذي يليه منها، والأنهار منحرفة في وسطها يشرب منها أهل الدور والأسواق

(١) الناخدا، مأخوذ من الفارسية ومعناه معروف والربان كرمان: رئيس الملاحين.
(٢) القلع: شراع السفينة، وقلعنا: أي رفعنا وأصلحنا الشراع لتسير السفينة.
(٣) أخف، خ.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب مستطاب

الشافی

کتاب الحجۃ

خلافت رسالت نبوت امامت

ترجمہ اصول کافی جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد یعقوب کلینی علیہ الرحمۃ

ترجمہ

مفسر قرآن عالیجناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

بانی و منتظم جامعہ امامیہ کراچی

مصنف دوصد کتب

ناشر

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ) ناظم آباد نمبر ۲۔ کراچی

ناشر ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

مطبع ________ قریشی آرٹ پریس

کتابت ________ سید محمد رضا زیدی

ہدیہ ________ ۲۰۰ روپے

سال اشاعت ________ مارچ ۲۰۰۴ء

الصُّورَةَ قَالَ : قُلْتُ : أَصْلَحَكَ اللهُ كَيْفَ يَعْلَمُ أَنَّ الَّذِي رَأَىٰ فِي النَّوْمِ حَقٌّ وَأَنَّهُ مِنَ الْمَلَكِ ؟ قَالَ: يُوَفَّقُ لِذٰلِكَ حَتّىٰ يَعْرِفَهُ ، لَقَدْ خَتَمَ اللهُ بِكِتَابِكُمُ الْكُتُبَ وَخَتَمَ بِنَبِيِّكُمُ الأَنْبِيَاءَ .

۴۔ راوی کہتا ہے حضرت امام محمد باقر اور امام جعفر صادق سے آیہ وما ارسلنا الخ کی تلاوت کر کے پوچھا کیا یہ

ہماری قرأت نہیں، پس کیا فرق ہے رسول و نبی و محدث میں فرمایا، رسول وہ ہے جس کے پاس ظاہر بظاہر فرشتہ آتا ہے اور اس سے ہمکلام ہوتا ہے اور نبی وہ ہے جو خواب میں دیکھتا ہے اور بسا اوقات نبوت و رسالت شخص واحد میں جمع ہوتی ہیں اور محدث وہ ہے کہ آواز سنتا ہے اور صورت نہیں دیکھتا میں نے کہا۔ اللہ آپ کی حفاظت کرے وہ کیسے جانتا ہے کہ خواب میں جو دیکھا وہ حق ہے اور یہ فرشتہ کہہ رہا ہے، فرمایا، بتوفیق الٰہی وہ جان لیتا ہے تمہاری کتاب پر خدا کی کتابیں ختم ہو گئیں اور تمہارے نبی پر انبیاء ختم ہو گئے

چوتھا باب

خدا کی حجت بندوں پر بغیر امام تمام نہیں ہوتی

(باب)

(أَنَّ الْحُجَّةَ لَاتَقُومُ لِلّٰهِ عَلَىٰ خَلْقِهِ إِلَّا بِإِمَامٍ)

١ـ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَىٰ، عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ ، عَنْ دَاوُدَ الرَّقِّيِّ ، عَنِ الْعَبْدِ الصَّالِحِ عليه السلام قَالَ : إِنَّ الْحُجَّةَ لَاتَقُومُ لِلّٰهِ عَلَىٰ خَلْقِهِ إِلَّا بِإِمَامٍ حَتّىٰ يُعْرَفَ.

۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ بغیر امام کی معرفت کرائے خدا کی حجت بندوں پر تمام نہیں ہوتی۔

٢ـ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَشَّاءِ قَالَ : سَمِعْتُ الرِّضَا عليه السلام يَقُولُ : إِنَّ أَبَا عَبْدِاللهِ عليه السلام قَالَ : إِنَّ الْحُجَّةَ لَاتَقُومُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَىٰ خَلْقِهِ إِلَّا بِإِمَامٍ حَتّىٰ يُعْرَفَ.

۲۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے خدا کی حجت بندوں پر بغیر امام کی معرفت کرائے پوری نہیں ہوتی۔

٣ـ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ سُلَيْمَانَ ، عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

پاس جامعہ ہے لوگ کیا جانیں جامعہ کیا ہے میں نے کہا حضور بتائیں جامعہ کیا ہے۔ فرمایا وہ ایک صحیفہ ہے ستر ہاتھ لمبا رسول اللہ کے ہاتھ سے، اور رسول اللہ نے اس کو اپنے دہن مبارک سے بیان فرمایا اور حضرت علی نے اپنے ہاتھ سے اس کو لکھا اس میں تمام حلال و حرام کا ذکر ہے اور ہر اس شئے کا جس کی احتیاج لوگوں کو ہوتی ہے یہاں تک کہ ہلکے سے خراش کی دیت کا بھی ذکر ہے پھر آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے اوپر رکھا اور فرمایا۔ اے ابو محمد مجھے اجازت ہے میں نے کہا میں آپؑ پر فدا ہوں میں آپؑ کا ہوں جو چاہے کیجئے۔ حضرت نے اپنی دونوں انگلیوں سے چٹکی لے کر فرمایا اس کی دیت کا بھی ذکر ہے یہ آپؑ نے ذرا تند لہجے میں کہا۔ میں نے کہا واللہ علم یہ ہے حضرت نے فرمایا صرف اتنا ہی نہیں ہے پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمایا۔ ہمارے پاس جفر بھی ہے لوگ کیا جانیں جفر کیا ہے۔ میں نے پوچھا حضور جفر کیا ہے فرمایا وہ ایک ظرف ہے آدم کے وقت سے جس میں اوصیا اور انبیاء کے علم کا ذکر اور ان تمام علما کے علم کا جو بنی اسرائیل میں ہو چکے ہیں۔ میں نے کہا بس علم تو یہی ہے فرمایا۔ صرف یہی نہیں ہے پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمایا۔ ہمارے پاس مصحفِ فاطمہ بھی ہے لوگ کیا جانیں کہ وہ کیا ہے؟ میں نے کہا کہ وہ کیا ہے؟ فرمایا تمہارے اس قرآن سے (بلحاظ تفصیل و توضیح احکام) وہ مصحف تین گنا زیادہ ہے۔ تمہارے قرآن میں ایک حرف ہے یعنے اجمال ہے میں نے کہا واللہ علم یہ ہے۔ فرمایا۔ صرف یہی نہیں، پھر خاموش رہ کر فرمایا۔ ہمارے پاس علم ماکانؐ مایکون ہے قیامت تک کے واقعات کا۔ میں نے کہا واللہ اس کو علم کہتے ہیں فرمایا ہاں اسکے علاوہ بھی ہے میں نے پوچھا وہ کیا ہے فرمایا۔ جو حادثے رات اور دن میں ہوتے ہیں اور جو ایک امر دوسرے کے بعد اور ایک شے دوسری شے کے بعد دنیا میں ہوتی ہے اور قیامت تک ہوتی رہے گی ہمیں اس کا بھی علم ہے

۲ ـ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا، عَنْ أَحْمَدَبْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَرَبْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَاعَبْدِاللهِ عليه السلام يَقُولُ: تَظْهَرُ الزَّنَادِقَةُ فِي سَنَةِ ثَمَانٍ وَ عِشْرِينَ وَ مِائَةٍ وَ ذٰلِكَ أَنِّي نَظَرْتُ فِي مُصْحَفِ فَاطِمَةَ (ع)، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا مُصْحَفُ فَاطِمَةَ؟ قَالَ: إِنَّ اللهَ تَعَالَى لَمَّا قَبَضَ نَبِيَّهُ صلى الله عليه وآله دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ (ع) مِنْ وَفَاتِهِ مِنَ الْحُزْنِ مَالَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَأَرْسَلَ اللهُ إِلَيْهَا مَلَكاً يُسَلِّي غَمَّهَا وَ يُحَدِّثُهَا، فَشَكَتْ ذٰلِكَ إِلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام فَقَالَ: إِذَا أَحْسَسْتِ بِذٰلِكِ وَ سَمِعْتِ الصَّوْتَ قُولِي لِي، فَأَعْلَمَتْهُ بِذٰلِكَ فَجَعَلَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عليه السلام يَكْتُبُ كُلَّمَا سَمِعَ حَتَّى أَثْبَتَ مِنْ ذٰلِكَ مُصْحَفاً قَالَ: ثُمَّ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَيْسَ فِيهِ شَيْءٌ مِنَ الْحَلَالِ وَ الْحَرَامِ وَلٰكِنْ فِيهِ عِلْمُ مَا يَكُونُ.

۲۔ راوی کہتا ہے میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے سنا کہ ۱۲۸ھ میں فلاسفہ (بعہد بنی عباس) ظاہر ہوں گے (جو منکر اسلام و توحید ہوں گے یہ میں نے مصحف فاطمہ میں دیکھا ہے میں نے پوچھا مصحف فاطمہ کیا ہے۔ فرمایا جب رسول اللہ کا انتقال ہو گیا تو جناب فاطمہ پر ہجوم غم و اندوہ ہوا ایسا کہ جس کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ خدا نے ان کے پاس

اس غم میں تسلی دینے کے لیے ایک فرشتہ بھیجا جس نے ان سے کلام کیا۔ حضرت فاطمہؑ نے یہ واقعہ امیر المومنین علیہ السلام سے بیان کیا۔ حضرت نے فرمایا اب جب یہ فرشتہ آئے اور تم اس کی آواز سنو تو مجھے بتانا۔ چنانچہ جب پھر فرشتہ آیا تو حضرت فاطمہؑ نے آگاہ کیا۔ امیر المومنین علیہ السلام فرشتے کی تمام باتوں کو لکھتے جاتے تھے یہاں تک کہ وہ باتیں اس مصحف میں لکھی گئیں پھر فرمایا اس میں حلال و حرام کا ذکر نہیں بلکہ آئندہ ہونے والے واقعات کا ذکر ہے۔

٣ ـ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحابِنا ، عَنْ أَحْمَدَبْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْعَلاٰ قالَ : سَمِعْتُ أَبا عَبْدِاللهِ عليه السلام يَقُولُ: إِنَّ عِنْدِي الْجَفْرَ الْأَبْيَضَ ، قالَ : قُلْتُ : فَأَيُّ شَيْءٍ فيهِ ؟ قالَ: زَبُورُ داوُدَ وَ تَوْراةُ مُوسىٰ وَ إِنْجيلُ عيسىٰ وَصُحُفُ إِبْراهيمَ وَ الْحَلالُ وَ الْحَرامُ ؛ وَ مُصْحَفُ فاطِمَةَ ، ما أَزْعُمُ أَنَّ فيهِ قُرْآناً وَفيهِ ما يَحْتاجُ النّاسُ إِلَيْنا وَلا نَحْتاجُ إِلىٰ أَحَدٍ حَتّىٰ فيهِ الْجَلْدَةُ وَ نِصْفُ الْجَلْدَةِ وَ رُبْعُ الْجَلْدَةِ وَ أَرْشُ الْخَدْشِ ؛ وَ عِنْدِي الْجَفْرَ الْأَحْمَرَ ، قالَ : قُلْتُ : وَ أَيُّ شَيْءٍ فِي الْجَفْرِ الْأَحْمَرِ ؟ قالَ : السِّلاحُ وَ ذٰلِكَ إِنَّما يُفْتَحُ لِلدَّمِ يَفْتَحُهُ صاحِبُ السَّيْفِ لِلْقَتْلِ ، فَقالَ لَهُ عَبْدُاللهِ ابْنِ أَبِي يَعْفُورٍ : أَصْلَحَكَ اللهُ أَيَعْرِفُ هٰذا بَنُو الْحَسَنِ ؟ فَقالَ: إِي وَاللهِ كَما يَعْرِفُونَ اللَّيْلَ أَنَّهُ لَيْلٌ وَالنَّهارَ أَنَّهُ نَهارٌ وَلٰكِنَّهُمْ يَحْمِلُهُمُ الْحَسَدُ وَطَلَبُ الدُّنْيا عَلَى الْجُحُودِ وَالْإِنْكارِ وَلَوْ طَلَبُوا الْحَقَّ بِالْحَقِّ لَكانَ خَيْراً لَهُمْ .

۳۔ راوی کہتا ہے امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا میرے پاس صندوق سفید ہے۔ میں نے پوچھا۔ اس میں کیا ہے فرمایا زبور داؤد، توریت موسیٰ، انجیل عیسیٰ، صحف ابراہیم، حلال و حرام اور مصحف فاطمہ ہے۔ نہیں گمان کرتا میں کہ اس میں قرآن ہے اس میں ہر وہ چیز ہے کہ جس سے لوگ ہماری طرف محتاج ہوں ہم کسی کی طرف محتاج نہیں اس میں (سزا کے لئے) ایک کوڑے، نصف کوڑے اور ربع کوڑے تک کا ذکر ہے اور خراش کی دیت کا بھی اور میرے پاس صندوق سرخ بھی ہے میں نے کہا وہ کیا شئے ہے فرمایا اس میں ہتھیار ہیں وہ خونریزی کیلئے کھولا جائیگا کھولے گا اس کو صاحب ذوالفقار (مراد قائم آل محمدؑ) عبداللہ ابی یعفور نے کہا۔ اللہ آپؑ کی نگرانی کرے۔ اولاد امام حسنؑ اس کو جانتی ہے فرمایا اسی طرح جیسے رات کو جانتے ہیں کہ وہ رات ہے اور دن کو جانتے ہیں کہ دن ہے لیکن حسد ان پر سوار ہے اور طلب دنیا نے ان کو انکار پر آمادہ کر دیا ہے اگر حق کو سچائی کے ساتھ طلب کرتے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا۔

٤ ـ عَلِيُّ بْنُ إِبْراهيمَ ، عَنْ مُحَمَّدِبْنِ عيسىٰ ، عَنْ يُونُسَ ، عَمَّنْ ذَكَرَهُ ، عَنْ سُلَيْمانَ بْنِ خالِدٍ قالَ : قالَ أَبُوعَبْدِاللهِ عليه السلام : إِنَّ فِي الْجَفْرِ الَّذي يَذْكُرُونَهُ لَما يَسُوؤُهُمْ ، لِأَنَّهُمْ لا يَقُولُونَ الْحَقَّ وَالْحَقُّ فيهِ ، فَلْيُخْرِجُوا قَضايا عَلِيٍّ وَفَرائِضَهُ إِنْ كانُوا صادِقينَ وَسَلُوهُمْ عَنِ الْخالاتِ وَالْعَمّاتِ (١)

جلاء العیون

جلد اوّل

سوانح چہاردہ معصومین علیہم السلام

تالیف

ملاّ محمد باقر مجلسیؒ بن علاّمہ محمد تقی مجلسیؒ

ترجمہ

علاّمہ سید عبدالحسین مرحوم اعلی اللہ مقامہ

ناشر

عباس بک ایجنسی

رستم نگر، درگاہ حضرت عباسؑ، لکھنؤ، انڈیا

فون نمبر ۔ 260756, 269598

مارچ 2001 ہدیہ -/

مجھ سے زیادہ مقرب ہو۔ سب نے کہا نہیں۔ پھر فرمایا۔ تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں۔ آیا تم میں بغیر میرے کوئی ایسا ہے۔ جس کو حضرتؐ نے ہزار کلمے علم تعلیم فرمائے ہوں کہ ہر کلمہ کنجی دوسرے ہزار کلمہ کی ہو۔ سب نے کہا نہیں۔ کلینیؒ نے بسند


ذکر مصحف حضرت فاطمہؑ

معتبر حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے۔ جب حضرتؐ نے انتقال کیا۔ جناب سیدہ کو وفات پدر بزرگوار جور و ستم ـــــ امت سے اس درجہ حزن و اندوہ ہوا کہ بغیر حق تعالیٰ کوئی اس حزن و رنج و غم سے واقف نہ تھا۔ پس حق تعالیٰ نے جبرئیلؑ کو جناب فاطمہؑ کے پاس بھیجا۔ کہ باتیں کرے اور شدت اندوہ و غم جناب سیدہ کو تسکین کریں۔ چنانچہ ہر روز جبرئیلؑ آتے اور دلجوئی و تسکین جناب فاطمہؑ کی فرماتے۔ اور بعد ان کے ان کی ذریت طاہرہ پر جو جو مصیبتیں دشمنوں پر گذریں گی اس کا ذکر کرتے تھے اور جو کچھ ان کے دشمنوں پر عذاب ہوگا۔ اور جو کوئی اس امت میں سلطنت یا دولت بحق باطل کریگا۔ ان سب کا حال بیان کرتے تھے۔ جب جناب سیدہ نے یہ حالت ملاحظہ فرمائی۔ جناب امیرؑ سے کہا۔ کوئی شخص آتا ہے اور اس اس طرح کی خبریں سناتا ہے۔ مجھ سے جناب امیرؑ نے فرمایا۔ اے فاطمہؑ جب تمہارے پاس وہ آئے مجھے خبر کرنا۔ پس جس وقت جبرئیلؑ آتے۔ جناب فاطمہؑ حضرت امیرؑ کو خبر کرتی تھیں اور جو کچھ جبرئیلؑ کہتے۔ جناب امیرؑ لکھتے تھے۔ یہاں تک کہ ایک کتاب جمع ہو گئی۔ اور وہ مصحف فاطمہؑ ہے۔ کہ اس میں احوال آئندہ تا روز قیامت مندرج ہیں۔ اور وہ کتاب اب حضرت قائم آل محمدؑ کے پاس ہے۔ اور حضرتؑ نے فرمایا۔ جناب فاطمہؑ بعد رحلت حضرت رسولؐ پچھتر دن زندہ رہیں۔ اور ہمیشہ محزون و غمگین رہیں۔ یہاں تک کہ اپنے پروردگار سے ملحق ہو گئیں۔ صلوٰۃ اللہ علیہا و علیٰ ابیہا و علیٰ بعلہا و علیٰ اولادہا الطاہرین ولعنۃ اللہ علیٰ اعدائہم اجمعین۔

فصل چھٹی

بیان بعد دفن آنحضرتؐ

فصل چھٹی۔ بیان اُن چند احوال کا جو بعد دفن آنحضرتؐ واقع ہوئے اور جو کچھ قریب ضریح اقدس ظاہر ہوا۔ و بیان غرائب احوال روح پُر فتوح آنحضرتؐ شیخ طوسیؒ نے روایت کی ہے کہ جب جا بار روضۂ اقدس پر عمارت بنائی ہے۔ اس وقت ضریح کے سرہانے اور پائنتی سے مشک نکلا۔ کہ ایسا خوشبو مشک نہ دیکھا تھا۔ کلینیؒ نے بسند معتبر حضرت جعفر بن مثنی خطیب سے روایت کی ہے۔ کہا میں مدینہ میں تھا۔ کہ سقف مسجد حضرت رسولؐ جس جگہ قبر شریف تھی وہاں سے منہدم ہو گئی۔ اور معمار و مزدور چھت پر آتے جاتے تھے۔ میں نے اسمٰعیل بن عمار معمار سے کہا کہ جناب صادقؑ سے پوچھو۔ آیا ہم چھت پر جا سکتے ہیں۔ اور وہاں سے جا قبر شریف دیکھ



ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ
لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ

قرآن مجید مترجم

مقبول ترجمہ مع ضمیمہ

الحمدللہ

کہ ترجمہ با محاورہ جس کی محبانِ اہلبیتؑ کو مدت سے آرزو تھی معہ فوائد تفسیری
مطابق مذہب اہلبیتؑ از استفادات وفیقہ شناس رموز قرآنی حکیم مناظر لاثانی
جناب مولانا مولوی حکیم سید **مقبول احمد** صاحب دہلوی اعلی اللہ مقامہ

ملنے کا پتہ
نظامی پریس بکڈپو، وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ

اللّٰهَ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّ

سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ

مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَكَانَ

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ وَّاَعَدَّ

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ

مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ وَلَا

تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ

ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ

مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا

ترجمہ قرآن مقبول

[illegible]

ترجمہ قرآن مقبول ضمیمہ ۸۲ پر موجود ضمیمہ میں اب یہ بات نہیں

حق تالیف محفوظ ہے

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ

قرآن مجید مترجم

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ
يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ

نشریہ ظفر [illegible] پٹنہ

وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا

اور تم لوگوں کی بدگوئی سے ڈرتے تھے حالانکہ اللہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ تم اس سے ڈرا کرو پس جب

قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ

اس کی اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہمنے اس عورت کو اس غرض سے تمہاری زوجیت میں دیدیا کہ مؤمنوں

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا

کے لیے ان کے منہ بولے بیٹوں (لے پالک) کی ازواج کے بارے میں جبکہ وہ اپنی حاجت پوری کر چکا کر چکے ہوں

قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿٣٧﴾ مَا

روک ٹوک نہ رہے اور خدا کا حکم ہو کر رہا۔ نبی کے

كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ

لیے اس بات میں جو اللہ نے واجب کر دی ہو کوئی روک نہیں ہے۔

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ

خدا تعالیٰ کا قاعدہ ان لوگوں میں جو پہلے گزر گئے ایک ہی چلا آتا ہے اور خدا کا حکم ایک حد پر

قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿٣٨﴾ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ

اندازہ کیا ہوا ہے۔ پیغمبر ایسے لوگ ہیں جو خدا کا حکم پہنچاتے ہیں

وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اور اسی سے ڈرتے ہیں اور سوائے اللہ کے اور کسی سے نہیں ڈرتے۔ اور حساب لینے کو اللہ ہی

حَسِيْبًا ﴿٣٩﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

کافی ہے۔ محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

لیکن وہ خدا کے رسول ہیں اور سب پیغمبروں کا خاتمہ۔ اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا)

شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٤٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

جاننے والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! اللہ کی یاد بہت کچھ

ع ٥

ترجمہ قرآن مقبول PC جلد 22 ہے میرے پاس صفحہ 507 ہے 33 سورت احزاب آیت 40

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ضمیمہ جات متعلق پارۂ بست و دوم

ضمیمہ نوٹ نمبر ۳ متعلق صفحہ ۶۷۳

تفسیر قمی میں ہے کہ اس جگہ ازواجِ نبیؐ سے خطاب چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور اہلبیت جناب رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا ہے اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ الخ پھر ازواجِ نبیؐ سے خطاب فرمایا وَاذۡکُرۡنَ مَا یُتۡلٰی۔ پھر آلِ محمدؐ سے خطاب فرمایا۔ اِنَّ الۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُسۡلِمٰتِ الخ اور جناب امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ یہ آیت جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جنابِ علی مرتضٰے اور جنابِ فاطمہ زہرا اور جناب امام حسن و جنابِ امام حسین علیہم السّلام کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اور یہ واقعہ زوجۂ نبیؐ اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہؓ کے گھر میں ہوا۔ جہاں جناب رسولِ خدا صلّے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب امیرالمؤمنین۔ جناب سیّدہ اور جناب حسنین علیہم السّلام کو بھی طلب فرما لیا تھا۔ جب یہ سب بزرگوار جناب رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہو گئے تو اُن جنابؐ نے خیبری چادر اِن سب پر ڈال دی اور خود بھی اوڑھ لی۔ پھر درگاہِ خدا میں عرض کی۔ خداوندا! یہ میرے اہلبیتؑ ہیں جن کے بارے میں تو نے مجھ سے بڑے بڑے وعدے کئے ہیں۔ اب تو اِن سے ہر قسم کے رجس کو دُور رکھ اور ان کو ایسا پاک قرار دیتا رہ جیسا کہ پاک قرار دیتے رہنے کا حق ہے۔ حضرت اُمّ سلمہؓ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ! میں بھی اِن میں شریک ہو جاؤں۔ حضرتؐ نے فرمایا اے اُمّ سلمہؓ! میں تم کو بشارت دیتا ہوں کہ تمہارا انجام بخیر ہوگا۔ (لیکن تم اِن میں داخل نہیں ہو سکتیں)

زید بن علی بن حسین علیہما السّلام فرماتے ہیں۔ کہ بعض جاہلوں کا یہ گمان کہ یہ آیت ازواجِ نبیؐ کی شان میں نازل ہوئی ہے غلط ہے۔ وہ لوگ جھوٹے اور گنہگار ہیں۔ خدا کی قسم اگر یہ آیت ازواج کے بارے میں ہوتی تو خداوند عالم یوں ارشاد فرماتا لِیُذۡهِبَ عَنۡكُنَّ الرِّجۡسَ وَیُطَهِّرَكُنَّ تَطۡهِیۡرًا۔ مؤنث کی ضمیریں اور تانیث کے صیغے ہوتے جیسا کہ وَاذۡکُرۡنَ مَا یُتۡلٰی فِیۡ بُیُوۡتِکُنَّ۔ وَقَرۡنَ۔ وَلَا تَبَرَّجۡنَ وَ لَسۡتُنَّ کَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَیۡتُنَّ میں ہیں۔

PC جلد 22 کا ضمیمہ

ہم سے حضرت اُمّ سلمہؓ نے جو بیان کیا تھا پھر ہم نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے دریافت کیا تھا تو آنحضرتؐ نے بھی وہی فرمایا تھا جو اُمّ سلمہؓ نے کہا تھا۔

علل الشرائع میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ آیت جناب رسولِ خدا۔ جناب امیر المؤمنین۔ جناب حسن مجتبےٰ۔ جناب حسین سیّد الشہدا اور جناب فاطمہ زہرا علیہم السّلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ جب پروردگارِ عالم نے اپنے نبیؐ کو اٹھا لیا تو اصحاب تطہیر میں سے جنابِ سیّدہؑ۔ جناب امیر المؤمنین پھر جناب حسنؑ مجتبےٰ پھر جناب حسینؑ سیّد الشہداؑ باقی تھے۔ (اب تنزیل کا نمبر تو ختم ہوگیا) پھر اس آیت کی تاویل شروع ہوئی جیسا کہ خدا اپنی کتاب میں فرما چکا ہے وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ (دیکھئے صفحہ ۶۶۷ سطر ۳) اور جنابِ علی بن الحسین زین العابدین علیہما السّلام اس کے مورد قرار پائے پھر اس کا حکم اُن آئمہ میں جاری ہوا جو اُن کی اولاد میں سے یکے بعد دیگرے وصی ہوتے رہے۔ پس اُن کی اطاعت خدائے تعالےٰ کی اطاعت ہے اور اُن کی نافرمانی خدائے عزّوجل کی نافرمانی ہے۔

(قولِ صاحبِ تفسیرِ صافی) پنجتن پاک یا آلِ عبا کی شان میں اس آیت کے نازل ہونے کے متعلق خاصّہ اور عامّہ کی روایتیں اس کثرت سے ہیں کہ اُن کا احصاء نہیں ہوسکتا۔ صاحب مجمع البیان نے عامّہ کے طریقوں سے بہت سی روایتیں درج کی ہیں جسے معلوم کرنے کی ضرورت ہو وہ اُس تفسیر کو دیکھے۔

ضمیمہ نوٹ نمبر ۲ متعلق صفحہ ۶۷۵

علی بن محمد بن جہم کہتے ہیں کہ میں ایک دن خلیفہ مامون کے دربار میں گیا وہاں جنابِ علی بن موسیٰ الرضا علیہ السّلام بھی تشریف فرما تھے۔ مامون نے کہا یا ابن رسول اللہ! آپ کا یہی دعوےٰ ہے نا کہ تمام انبیاءؑ معصوم ہیں؟ حضرتؑ نے جواب دیا بیشک! پس مامون نے اُن آیتوں کا مطلب پوچھا جو انبیاء کی شان میں نازل ہوئی ہیں جن کا ہم موقع موقع پر ذکر کرچکے ہیں اور اُن کا مطلب بھی حضرتؑ کے ارشاد کے بموجب بتا چکے ہیں۔ یہاں تک کہ مامون نے عرض کی یا ابن رسول اللہ! بیان فرمائیے کہ اس آیت کا کیا مطلب ہے؟ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ (دیکھئے صفحہ ۶۷۵ سطر ۹) امام علیہ السّلام نے فرمایا کہ ایک دن جنابِ رسولِ خدا کو زید بن حارثہ سے کچھ کام تھا اور وہ اُس دن حاضرِ خدمت نہ ہوئے تھے اس لئے جنابِ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وآلہ

ترجمہ قرآن مقبول جلد 22 کا ضمیمہ

کتاب مستطاب

مجالس المؤمنین

تالیف

شہید ثالث علامہ قاضی نور اللہ شوستریؒ

اعلیٰ اللہ مقامہ

شہید سنہ ۱۰۱۹ قمری ہجری

ترجمہ

محمد حسن جعفری

ناشر

اکبر حسین جیوانی ٹرسٹ، کراچی

نام کتاب	:	مجالس المومنین
تالیف	:	شہید ثالث علامہ قاضی نور اللہ شوستری
مترجم	:	محمد حسن جعفری
نظر ثانی	:	اکبر ابن حسن
ناشر	:	اکبر حسین جیوانی ٹرسٹ کراچی
تعداد	:	پانچ سو
طبع	:	اول
ہدیہ	:	-/300 روپے

ISBN-964-481-040-6

ملنے کا پتہ

رحمت اللہ بک ایجنسی کاغذی بازار کھارادر کراچی 74000

فون نمبر: 2431577

گواہی دے لیکن یہ گواہی نہ دے کہ محمد میرا بندہ اور میرا رسول ہے یا کوئی شخص میری توحید اور
محمد کی رسالت کی گواہی تو دے لیکن یہ گواہی نہ دے کہ علی میرا خلیفہ ہے۔ یا کوئی شخص میری
توحید محمد کی رسالت اور علی کی خلافت کی گواہی تو دے لیکن یہ گواہی نہ دے کہ ائمہ میری طرف
سے حجت ہیں تو اس نے میری نعمت کا انکار کیا اور میری عظمت کو چھوٹا سمجھا اور میری آیات اور
میری کتابوں کا انکار کیا۔ اگر وہ میرا قصد کرے تو میں اس سے محجوب رہوں گا اور اگر وہ مجھ
سے سوال کرے تو میں اسے محروم رکھوں گا۔ اور اگر اس نے مجھے پکارا تو میں اس کی ندا کو نہیں
سنوں گا اور اگر اس نے مجھ سے دعا کی تو میں اس کی دعا قبول نہیں کروں گا اور اگر اس نے مجھ
سے امید وابستہ کی تو میں اسے مایوس کروں گا۔ میری طرف سے اس کی یہی جزا ہے اور میں
اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہوں۔

جابر بن عبداللہ انصاری نے کھڑے ہو کر کہا:

یا رسول اللہ! علی بن ابی طالب کی نسل میں سے امام کون ہوں گے؟

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جوانانِ جنت کے سردار حسن اور حسین پھر اپنے زمانہ کے زین العابدین علی بن حسین پھر محمد باقر
علم کو بیان کرنے والے محمد بن علی اور جابر عنقریب تو ان سے ملاقات کرے گا اور جب تیری ان سے
ملاقات ہو تو انہیں میرا سلام کہنا۔

پھر جعفر صادق بن محمد پھر موسیٰ کاظم بن جعفر پھر علی رضا بن موسیٰ پھر محمد تقی بن علی
پھر علی نقی بن محمد پھر حسن زکی بن علی پھر حق کے ساتھ قیام کرنے والا میری امت کا
مہدی ہے۔

اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ زمین کو عدل و انصاف سے ایسے بھر دے گا جیسا کہ وہ ظلم
و جور سے بھری ہوئی ہوگی۔

جابر! یہ میرے خلفاء میرے جانشین، میرے وارث اور میری عترت ہیں۔ جس نے ان
کی فرمانبرداری کی اس نے میری فرمانبرداری کی۔ جس نے ان میں سے کسی ایک کا انکار کیا تو اس
نے میرا انکار کیا اور انہی کے طفیل اللہ آسمان کو زمین پر گرنے سے روکے ہوئے ہے

مجالس المومنین

کتاب مستطاب

مجالس المؤمنین

تالیف

شہید ثالث علامہ قاضی نور اللہ شوستریؒ

اعلی اللہ مقامہ

شہید سنہ ۱۰۱۹ قمری ہجری

ترجمہ

محمد حسن جعفری

ناشر

اکبر حسین جیوانی ٹرسٹ، کراچی

نام کتاب : مجالس المومنین
تالیف : شہید ثالث علامہ قاضی نور اللہ شوستری
مترجم : محمد حسن جعفری
نظر ثانی : اکبر ابن حسن
ناشر : اکبر حسین جیوانی ٹرسٹ کراچی
تعداد : پانچ سو
طبع : اول
ہدیہ : -/300 روپے
ISBN-964-481-040-6

ملنے کا پتہ

رحمت اللہ بک ایجنسی کاغذی بازار کھارادر کراچی 74000
فون نمبر: 2431577

جیسے ارشاد ربانی ہے۔

وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیه فلن یضر الله شیئا وسیجزی الله الشاکرین۔ (آل عمران-۱۴۴)

اور محمدؐ تو صرف ایک رسول ہیں جن سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں۔ کیا اگر وہ مر جائیں یا قتل ہو جائیں تو تم الٹے پاؤں پلٹ جاؤ گے تو جو بھی ایسا کرے گا وہ خدا کا کوئی نقصان نہیں کرے گا اور خدا تو عنقریب شکر گزاروں کو ان کی جزا دے گا۔

علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کی تشبیہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دی ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔

انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا۔ (المزمل-۱۵)

بے شک ہم نے تم لوگوں کی طرف تمہارا گواہ بنا کر ایک رسول بھیجا ہے جس طرح فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو مثیل موسیٰ قرار دیا اور حبیبؐ خدا نے حضرت علیؑ کو مثیل ہارون قرار دیا اور ارشاد فرمایا۔

اما ترضی یا علی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسی الا انه لا نبی بعدی"

اے علیؑ! کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تمہیں مجھ سے وہی رتبہ حاصل ہو جو ہارون کو موسیٰ سے حاصل تھا مگر میرے بعد نبی نہیں آئے گا۔

اور اب ملاحظہ فرمائیں کہ تاریخی تسلسل اور حسن وانش امت موسیٰ کے لئے کیا فیصلہ کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان فرمایا۔

جب موسیٰ علیہ السلام توراۃ لینے کوہ طور پر تشریف لے گئے اور انہوں نے اپنے بھائی

مجالس المومنین

بنائے لاالٰہ

علامہ ذیشان حیدر جوادی

ادارۂ تحقیق دانش مشرق
سی ۔ ۳۲ ، رضویہ سوسائٹی ۔ کراچی

حقوق غیر محفوظ

نام کتاب	بنائے لا الہ
تحقیق و کاوش	سید مراد علی جعفری
کتابت	عطاالرحمن ثاقب
تعداد	ایک ہزار (۱۰۰۰)
ناشر	ادارہ تحقیق دانش مشرق
مطبع	سندھ آفسٹ پرنٹرز۔ کراچی۔
طبع اول	محرم الحرام ۱۴۱۲ھ

اسٹاکسٹ:

۱: محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی۔ فون: ۳۲۲۲۸۰۲

۲: عباسی کتب خانہ جونا مارکیٹ۔ کراچی۔
فون: ۲۳۰۸۰۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

القاب

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام

حیدرہ ۔ علی ۔ ابوالحسن ۔ ابومحمد
ابوالریحانتین ۔ ابوتراب ۔ ابوالسبطین
امیرالمومنین ۔ امام المتقین ۔ ولی المتقین
سید الصادقین ۔ سید المسلمین ۔ سید المومنین
سید العرب ۔ سید فی الدنیا والآخرۃ
قائد الغر المحجلین ۔ یعسوب الدین ۔ صدیق الاکبر
فاروق الاعظم ۔ خاتم الوصیین ۔ خیر الوصیین
الوصی ۔ قاتل الفجرۃ ۔ صاحب الرایۃ
مقیم الحجۃ ۔ حجۃ اللہ ۔ رایۃ الہدیٰ
ولی اللہ ۔ صفوۃ اللہ ۔ شیخ المہاجرین والانصار
قسیم النار والجنۃ ۔ وارث رسول اللہ ۔ خلیفۃ رسول اللہ



عیون اخبار الرضا
جلد اوّل و دوم
تالیف
الشیخ الصدوق ابن بابویہ
مترجم

ترجمہ!

عُیُونُ اَخبارِ الرِّضاؑ

جلد اوّل و دوم

تالیف

الشیخ الصدوق بن بابویہ

ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین القمی

متوفی سال ۳۸۱ ہجری

رضوان اللہ علیہ

مترجم

[illegible] (مرحوم)

[illegible]

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الرضا
[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم

نام کتاب: عیون اخبار الرضا

جلد: اول و دوم

مولف: الشیخ الصدوق ابن بابویہ

مترجم: سید جعفر الرضا کاظمی، منیر حسن جعفری

کمپوزنگ: سید احمد علی کاظمی

تعداد: ۵۰۰

قیمت:

طبع: اول

ناشر: سید جعفر مہدی کاظمی، سید محمد مہدی کاظمی

[illegible]

[illegible]

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الرضا

[illegible]

042 7245166 [illegible]

جائے گا۔ آتش جہنم اور ان کے درمیان فاصلہ ہوگا اور میں نے یہ کلام جناب رسول خداؐ سے سنا تھا۔

(۲۹۸)۔۔۔۔ حضرت امام علی بن موسیٰ الرضاؑ نے اپنے آباؤ اجداد کے حوالے سے حضرت علیؑ سے جناب رسول خداؐ کی یہ حدیث نقل فرمائی کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علیؑ میں نے پروردگار سے اپنے لئے جو سوال بھی کیا وہ میں نے تمہارے (حق کے) [illegible] سوائے اس کے کہ [illegible] مجھ سے کہا [illegible] نبوت تیرے بعد [illegible] اور تجھ سے [illegible] تو تمام [illegible] ہے اور علیؑ تم امام ہو۔

یا علیؑ! ناشپاتی میرے اور تمہارے لئے اللہ کا تحفہ

(۲۹۹)۔۔۔۔ اسی حوالے سے منقول ہے کہ حضرت امام رضاؑ نے اپنے آباؤ اجداد کے حوالے سے حضرت علیؑ سے یہ روایت نقل فرمائی کہ حضرت علیؑ فرماتے تھے کہ ایک دن جب میں جناب رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ناشپاتی تناول فرما رہے تھے۔ آپ نے اس ناشپاتی کا ایک ٹکڑا میری طرف بڑھایا اور فرمایا یا علیؑ اسے کھاؤ۔ یہ حق تعالیٰ کی طرف سے میرے اور تمہارے لئے تحفہ بھیجی گئی ہے۔ میں نے اس میں ہر طرح کی لذت پائی ہے۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علیؑ! جو شخص تین دن نہار منہ ناشپاتی کھائے [illegible] اس کے ذہن اور حافظہ میں صفائی پیدا ہوگی اور اس کا علم [illegible] اور شیطان اس کے بچوں سے [illegible] ہوگی۔

(۳۰۰)۔۔۔۔ اسی حوالے سے حضرت علی بن ابی طالبؑ روایت فرماتے ہیں کہ جناب رسول خداؐ نے فرمایا یا علیؑ [illegible] گوشت کی [illegible] (گوشت) [illegible] گوشت [illegible] گوشت کا [illegible] (مترجم)

(۳۰۱)۔۔۔۔ اسی حوالے سے منقول ہے کہ حضرت علی بن ابی طالبؑ نے جناب رسول خداؐ کی یہ حدیث بیان فرمائی کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علیؑ لوگ مختلف درختوں سے پیدا کئے گئے ہیں مجھے (محمدؐ) اور تمہیں ایک ہی درخت سے خلق کیا گیا ہے (علیؑ) اس درخت کی اصل (جڑ) میں ہوں اور تو (علیؑ) اس درخت کا تنا ہے حسنؑ اور حسینؑ اس کی شاخیں (ٹہنیاں) ہیں اور ہمارے شیعہ (چاہنے والے) اس درخت کے پتے ہیں جو کوئی بھی اس درخت کی کسی بھی شاخ (ٹہنی) سے آویزاں ہو جائے خدا اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

علم کا خزانہ محمدؐ اور علیؑ علم کی کنجی

(۳۰۲)۔۔۔۔ حضرت امام علی بن موسیٰ الرضاؑ نے اپنے آباء و اجداد کے حوالے سے [illegible] کی روایت
بیان کی کہ جناب رسول خدا نے فرمایا [illegible]
[illegible] ہے۔

